ABC CERTIFIED
وفاقی دارالحکومت سے شائع ہونیوالا مقبول و کثیر الاشاعت قومی اخبار

Daily SHEHAR NAMA Islamabad

روزنامہ
شہر نامہ
اسلام آباد

ایڈیٹر انچیف
راجہ جاوید اختر

جوائنٹ ایڈیٹر
اسامہ امتیاز عباسی

جلد نمبر 07 | جمعۃ المبارک 13 نومبر 2026ء 2 جمادی الثانی 1448ھ | صفحات 4 قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 66

فون: 0333-5196088 | Email:sheharnama@gmail.com | Web:www.sheharnama.com

قارئین اپنا پسندیدہ اخبار ''شہر نامہ''
ای پیپر اب ویب سائیٹ اور فیس بک پر بھی ملاحظہ فرمائیں
Epaper
www.dailysheharnama.com

لمحہ بہ لمحہ ہر خبر سے باخبر رہنے کیلئے
شہر نامہ کی ویب نیوز پر ابھی کلک کریں
http://www

شہباز شریف ترک صدر سے ملاقات
تجارت، دفاع، توانائی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

دونوں رہنماؤں کا جاری اقدامات پر عملدرآمد تیز کرنے اور اقتصادی روابط کو مزید مستحکم بنانے کے لیے نئے مواقع تلاش کرنے کی اہمیت پر زور

وزیراعظم نے مذاکرات کے فروغ کے لیے جاری کوششوں کو اجاگر کیا، ترک صدر نے خطے میں پاکستان کے تعمیری کردار اور ان سفارتی کوششوں کو سراہا

انطالیہ (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف کی ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات ہوئی جس میں خطے کی سیکیورٹی صورتحال کشیدگی میں کمی اور مذاکرات کے لیے اقدامات پر بات چیت ہوئی۔ رپورٹ کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف کی آج انطالیہ میں اقوام متحدہ کے ماحولیاتی تبدیلی کے فریم ورک کنونشن (UNFCCC) کے تحت کوپ 31 کے سربراہی اجلاس کے موقع پر ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان سے دوطرفہ ملاقات ہوئی۔ دونوں رہنماؤں نے پاکستان اور ترکیہ کے درمیان گہرے، تاریخی اور برادرانہ تعلقات کا اعادہ کیا اور دوطرفہ تعلقات کے مثبت سمت میں آگے بڑھنے پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیراعظم اور ترک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33)

وزیراعظم اشارہ کریں مستعفی ہو جاؤں گا: چوہدری سالک

کرپشن کو کسی سازش کے ساتھ لنک نہ کیا جائے، وزیراعلیٰ پنجاب نے ساری بات اپنے اوپر لے لی ہے اس کا کیا مطلب ہے؟

میں اپنا بیان کبھی واپس نہیں لوں گا، نوٹس کا جواب تیار ہے کل پرسوں تک بھیج دوں گا، نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے اوورسیز پاکستانیز اور انسانی وسائل کی ترقی چوہدری سالک حسین نے کہا ہے کہ کرپشن کو کسی سازش کے ساتھ لنک نہ کیا جائے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35)

نوابشاہ، صدر زرداری سے وزیر داخلہ کی ملاقات، اہم شخصیت کا پیغام پہنچا دیا

نئے صوبوں کے قیام سے متعلق ریفرنڈم پر اعتماد میں لیا، 28ویں ترمیم پر بھی گفتگو

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی وزیر داخلہ کی نوابشاہ میں صدر مملکت آصف علی زرداری سے اہم ملاقات ہوئی جس میں محسن نقوی نے اہم شخصیت کا پیغام بھی پہنچا دیا۔ رپورٹ کے مطابق وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی لاہور سے اچانک خصوصی طیارے کے ذریعے نوابشاہ پہنچے۔ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34)

ریفرنڈم: اکابرین چیلنج
عوام نہ چاہیں تو صوبے نہیں بنائیں گے: محسن نقوی

بلاول نے بھی کہا ملک میں سیاسی ری سیٹ کی ضرورت ہے، میری رائے میں تمام چیزیں ری سیٹ ہونی چاہئیں، میری اور چیئرمین پیپلز پارٹی کی رائے ایک جیسی ہے

ابھی مولانا کے 6 سے 7 لوگوں کو نوٹس جاری ہوئے، مولانا کو جاری نہیں ہوا، اگر کوئی کہہ رہا ہے کہ ملک میں کرپشن نہیں تو معذرت کے ساتھ کرپشن موجود ہے

بانی پی ٹی آئی کے جو قانونی حقوق بنتے ہیں وہ انہیں ملیں گے۔ ہم سب جمہوریت اور عوام کی بالادستی کی بات کرتے ہیں، وزیر داخلہ کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کے معاملے پر ریفرنڈم کرالیں، اگر عوام نہیں چاہتے تو میں بھی کہوں گا کہ صوبے نہ بنائیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ سیاسی جماعتیں نئے صوبوں کے حوالے سے عوامی سروے دیکھ لیں، عوامی سروے نئے صوبوں کے حق میں آ رہے ہیں۔ محسن نقوی نے کہا کہ بلاول بھٹو نے کہا ملک میں سیاسی ری سیٹ کی ضرورت ہے، میری ذاتی رائے ہے کہ تمام چیزیں ری سیٹ ہونی چاہئیں، میری اور بلاول بھٹو صاحب کی رائے ایک جیسی ہے، سسٹم تو سارے کا سارا ٹھیک ہونے والا ہے۔ وزیر داخلہ نے کہا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36)









انقرہ، وزیراعظم شہباز شریف سے ایراق، سوڈان اور فن لینڈ کے صدور مصافحہ کر رہے دوسری جانب دورہ مکمل کر کے وطن واپسی کیلئے آنے پر ائیر پورٹ پر ہاتھ لہرا رہے ہیں



انطالیہ، وزیراعظم شہباز شریف ترک صدر رجب طیب اردوان سے ملاقات کر رہے ہیں

سرکاری اراضی پر ناجائز تعمیرات کرنیوالوں کیخلاف سخت قانونی کارروائی ہوگی: سینیٹر ناصر بٹ

ایسی تعمیرات کی روک تھام اور نگرانی کے لیے متعلقہ محکموں کے نمائندوں پر مشتمل ورکنگ گروپ تشکیل دیا جائے گا

پنجاب حکومت کے متعلقہ ادارے سفارشات اور تجاویز مرتب کر کے سینیٹ کی قائمہ کمیٹی کو بھجوائیں گے، اجلاس میں افسران کو ہدایت



لاہور (راجہ جاوید اختر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان، ریاستوں اور سرحدی علاقوں کے چیئرمین سینیٹر ناصر محمود بٹ نے کہا ہے کہ سرکاری اراضی پر قبضہ کر کے غیر قانونی تعمیرات کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی جبکہ ایسی تعمیرات کی روک تھام اور نگرانی کے لیے متعلقہ محکموں کے نمائندوں پر مشتمل ورکنگ گروپ تشکیل دیا جائے گا۔ ورکنگ گروپ سرکاری اراضی کا دورہ کر کے ناجائز تعمیرات کی نگرانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 54)

اسلام آباد، سینیٹر ناصر محمود بٹ قائمہ کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

انڈر 19 ایشیا کپ، فائنل میں پاک بھارت ٹاکرا ہوگا

پاکستان انڈر 19 کرکٹ ٹیم نے بنگلہ دیش کو 9 وکٹوں سے شکست دیکر فائنل میں جگہ بنائی

مسقط (پی پی اے) پاکستان اور بھارت کی انڈر 19 کرکٹ ٹیمیں ایشین کرکٹ کونسل انڈر 19 ایشیا کپ 2026 کے فائنل میں آمنے سامنے ہوں گی پاکستان نے پہلے سیمی فائنل میں بنگلہ دیش کو 9 وکٹوں سے شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی جبکہ بھارت نے دوسرے سیمی فائنل میں افغانستان کو 8 وکٹوں سے ہرا کر فیصلہ کن معرکے کے لیے کوالیفائی کر لیا پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 57)

یورپی یونین کا بحیرہ اسود میں سلامتی کیلئے 5 کروڑ یورو مختص کرنیکا اعلان

معلومات کے تبادلے کیلئے مشترکہ سلامتی مرکز قائم کرنے کا بھی فیصلہ

برسلز (نیوز ایجنسیاں) یورپی کمیشن کی صدر نے کرنے کا اعلان کیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق بحیرہ اسود میں بحری سلامتی کیلئے 5 کروڑ یورو مختص یورپی یونین نے رومانیہ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 58)



اسلام آباد، نائب وزیراعظم اسحاق ڈار پاکستان منیرلز انویسٹمنٹ فورم کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

بیرسٹر گوہر نے آئینی عدالت میں درخواست دائر کر دی

اسلام آباد (صباح نیوز) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے اپنے وکیل سابق ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل خیبر پختونخوا شاہ فیصل الیاس کے توسط سے وفاقی آئینی عدالت میں اہم درخواست دائر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 56)

پاکستانی خلاباز کی چین کے خلائی جہاز میں شمولیت

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) پاکستانی خلا باز چین کے خلائی اسٹیشن میں داخل ہونے والے پہلے غیر ملکی خلا باز بنیں گے۔ اسلام آباد میں چینی سفارتخانے کے ترجمان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 59)

متحدہ عرب امارات: خوفناک حادثے میں 14 ہلاکتیں 30 زخمی

فجیرہ کی مرکزی شاہراہ پر 5 ٹرکوں اور 18 گاڑیوں کے تصادم کے بعد آگ لگنے سے حادثہ ہوا

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) متحدہ عرب امارات کی ریاست فجیرہ میں خوفناک ٹریفک حادثے کے نتیجے میں 14 افراد جاں بحق اور 30 زخمی ہو گئے جبکہ حادثے میں 18 (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 48)

نورین نیازی، عظمیٰ خان کوٹ لکھپت جیل سے رہا

دونوں بہنیں 3 ایم پی او کے تحت کوٹ لکھپت جیل میں بند تھیں

لاہور (نیوز ایجنسیاں) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی دو بہنوں نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو کوٹ لکھپت جیل سے رہا کر دیا گیا۔ نورین نیازی اور عظمیٰ خان کو رہائی کے آرڈر جیل حکام کو موصول ہونے کے بعد رہا کیا گیا، دونوں بہنیں 3 ایم پی او کے تحت کوٹ لکھپت (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 49)



اسلام آباد، وفاقی وزیر عمران شاہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

گلگت بلتستان؛ مسافر گاڑی دریا میں جا گری، 10 افراد جاں بحق

مقامی رضاکاروں نے لاشیں نکال کر اسپتال منتقل کیا، جاں بحق افراد میں خواتین بھی شامل

غذر (مانیٹرنگ ڈیسک) گلگت بلتستان کے ضلع غذر کی وادی یاسین میں مور کہ پل کے قریب مسافر گاڑی خوفناک حادثے کا شکار ہوگئی، جس کے نتیجے میں خواتین سمیت 10 افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق مسافر گاڑی بے قابو ہو کر دریائے یاسین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 50)

پاکستان میں غربت 5.40 فیصد تک جانے کا انکشاف

سالانہ 16 لاکھ نوجوانوں کیلئے روزگار کے مواقع ناکافی ہیں، عالمی بینک

فیصل آباد (صباح نیوز) عالمی بینک نے پاکستان میں رواں سال غربت کی شرح بڑھ کر 40_5 فیصد تک جانے کا انکشاف کیا ہے جبکہ معاشی استحکام کے لیے سیاسی اتفاق رائے اور آئی ایم ایف پروگرام پر عمل ضروری قرار دیا ہے۔ عالمی بینک کی ایک رپورٹ کے مطابق جس میں پاکستان میں سالانہ 16 لاکھ نئے نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع ناکافی قرار دیے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 51)



انقرہ، وفاقی وزیر رانا تنویر حسین سے ازبکستان کے ڈپٹی وزیر زراعت ملاقات کر رہے ہیں

فضل الرحمان کے صاحبزادے کے مالیاتی امور انتہائی مشکوک

اسعد محمود کے فارم بی، اگم ٹیکس ویلتھ سٹیٹمنٹ میں مبینہ مالیاتی تضادات کا انبار لگ گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) جمعیت علمائے اسلام ف کے سربراہ مولانا فضل الرحمان کے بیٹے اسعد محمود کے مالیاتی امور انتہائی مشکوک اور مبہم، سنگین سوالات اٹھ گئے۔ رپورٹ کے مطابق اسعد محمود کے فارم بی اور اگم ٹیکس ویلتھ اسٹیٹمنٹ میں مبینہ مالیاتی تضادات کا انبار لگ گیا جب کہ اسعد محمود کے گوشواروں میں موجود اندراج، ویلتھ اسٹیٹمنٹ میں موجود کوائف (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 52)

سب کو اپنی آئینی حدود میں رہنا ہوگا، سعد رفیق

بانی سے ملاقات کا تعلق 28 ویں ترمیم، گورنر راج کے معاملات سے جڑا ہوا ہے

لاہور (صباح نیوز) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ عمران خان سے ملاقات کا تعلق مجوزہ 28 ویں آئینی ترمیم، چھوٹے صوبوں کی تشکیل اور خیبر پختونخوا میں گورنر راج کے معاملات سے جڑا ہوا ہے، سب کو اپنی آئینی حدود میں رہنا اور ایک دوسرے کے حقوق کو تسلیم کرنا ہوگا، بہر حال ایک نیا میثاق پاکستان وقت کی اشد ضرورت ہے۔ فیس بک پر کی گئی ایک پوسٹ میں خواجہ سعد رفیق نے کہا کہ جیل میں عمران خان کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 53)

جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالے حقیقی ہیرو ہیں، علیم خان

شہدا کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، قوم دہشت گردی کے خلاف متحد ہے

کوہاٹ (نیوز ایجنسیاں) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کوہاٹ میں دہشت گردی کے واقعے میں پولیس اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔ عبدالعلیم خان نے ایلس پر اپنے پیغام میں خیبر پختونخوا پولیس کے شہدا کی جرات، بہادری اور فرض شناسی کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ وطن کے امن و سلامتی کیلئے جانوں کا نذرانہ دینے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 55)

پیٹرول 3 روپے ڈیزل 4 روپے لیٹر سستا

پیٹرول کی نئی قیمت 332 روپے، ہائی اسپیڈ ڈیزل کی نئی قیمت 360 روپے فی لیٹر مقرر

حکومت کے منظور کردہ قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے تحت نئی قیمتیں مقرر کی گئی ہیں، اوگرا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) حکومت نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مزید کمی کر دی اور نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ آئل اینڈ گیس ریگولیٹری اتھارٹی (اوگرا) کی جانب سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق وفاقی حکومت کے منظور کردہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے تعین کے طریقہ کار کے تحت نئی قیمتیں مقرر کی گئی ہیں۔ اوگرا نے پیٹرول کی فی لیٹر قیمت میں 3 روپے کمی کر دی ہے اور اس کے نتیجے میں پیٹرول کی نئی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37)

زرعی اور صنعتی صارفین کیلئے فی یونٹ بجلی 2 روپے 32 پیسے مہنگی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم پیکیج کے تحت اضافی بجلی استعمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40)

آبنائے ہرمز میں 2 سپر ٹینکرز میں زوردار دھماکے کیساتھ آگ لگ گئی

تہران (نیوز ایجنسیاں) آبنائے ہرمز میں گزشتہ رات غیر مجاز (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41)

سینیٹر روبینہ خالد کی کوہاٹ میں پولیس پر حملے کی مذمت

دہشتگردی کیخلاف جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں



اسلام آباد نمائندہ خصوصی) چیئرپرسن بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی کوہاٹ میں پولیس اہلکاروں پر دہشت گرد حملے کی شدید مذمت کوہاٹ میں پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانا بزدلانہ اور قابل مذمت اقدام ہے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں خیبر پختونخوا پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں فرائض کی ادائیگی کے دوران شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کرتی ہوں چیئرپرسن بے نظیر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39)

بارش کے باعث راولپنڈی ٹیسٹ کے چوتھے روز کا کھیل ختم

ڈیبیو ٹیسٹ میں ثاقب خان کی 7 وکٹیں، یہ کارنامہ انجام دینے والے چوتھے پاکستانی بن گئے

راولپنڈی (پی پی اے) پاکستان اور سری لنکا کے درمیان راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں جاری پہلے ٹیسٹ میچ کے چوتھے روز بارش کے باعث کھیل ختم کر دیا گیا کھیل کے اختتام تک پاکستان نے دوسری اننگز میں ایک وکٹ کے نقصان پر 57 رنز بنا لیے اور مجموعی طور پر 45 رنز کی برتری حاصل کر لی۔ سری لنکا کی پہلی اننگز 446 رنز پر مکمل ہوئی مہمان ٹیم نے پاکستان کے پہلی اننگز کے 434 رنز کے جواب میں 12 رنز کی برتری حاصل کی۔ سری لنکا نے تیسرے روز کھیل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42)



اسلام آباد۔ وفاقی وزیر احسن اقبال وزیر تعلیم مصطفیٰ کمال کے ہمراہ قومی صحت سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرمایہ کار خیبر پختونخوا میں سرمایہ کاری کریں، فیصل کریم

ہماری بڑی ترجیح سرمایہ کاروں کو سیکیورٹی فراہم کرنا ہے، فورم سے خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ سرمایہ کار خیبر پختونخوا میں منرلز کی تلاش میں سرمایہ کاری کریں، ہم کے پی میں کان کنی کا فروغ چاہتے ہیں۔ اسلام آباد میں پاکستان منرلز انویسٹمنٹ فورم سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں آنے والے تمام سرمایہ کاروں کو خوش آمدید کہتے ہیں۔ فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ ہماری سب (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 43)

بائیکورٹ، آئینی درخواستوں کی سماعت روکنے کے حکم پر نظر ثانی کی استدعا

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر علی خان نے پشاور ہائیکورٹ میں آئینی درخواستوں کی سماعت روکنے کے معاملے پر وفاقی آئینی عدالت میں اہم درخواست دائر کر دی۔ آئینی درخواست وکیل شاہ فیصل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 44)

مریم نواز کی مدت خدمت کی وجہ سے ن لیگ ووٹرز کی پہلی ترجیح بن چکی، عظمیٰ بخاری

ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ ن کے دونوں امیدواروں نے بڑی لیڈ سے الیکشن جیتا، راشد بشیر، اسد حنیف کو مبارکباد

تحریک انصاف نے کالعدم جماعتوں کے ساتھ مل کر مسلم لیگ ن کے مقابلے میں الیکشن لڑا، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے ضمنی الیکشن میں کامیابی پر راشد بشیر ورک اور اسد حنیف جٹ کو مبارکباد دی۔ لاہور سے جاری بیان میں عظمیٰ بخاری نے کہا کہ مریم نواز کی خدمت کی وجہ سے مسلم لیگ ن ووٹرز کی پہلی ترجیح جماعت بن چکی، ضمنی انتخابات میں مسلم لیگ ن کے دونوں امیدواروں نے بڑی لیڈ سے الیکشن جیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ ن کا دونوں حلقوں میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 45)

جنیوا، وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ ورلڈ انویسٹمنٹ کانفرنس کی سائیڈ لائنز پر ملاقاتیں کر رہے ہیں

گیس مہنگی کرنے کی درخواستیں اوگرا میں جمع

سوئی گیس کی اوسط قیمت میں 10 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کی تجویز

اسلام آباد (نیوز ایجنسیاں) سوئی ناردرن اور سوئی سدرن گیس کمپنیوں نے گیس کی اوسط قیمتوں میں اضافے کے لئے درخواستیں اوگرا میں جمع کرا دیں۔ سوئی گیس کمپنیوں نے گیس کی قیمتوں میں اضافہ رواں مالی سال یکم جولائی سے نافذ کرنے کی درخواست کی ہے۔ سوئی ناردرن نے گیس کی اوسط قیمت میں 10 روپے فی ایم ایم بی ٹی یو اضافے کی تجویز دی ہے جس کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 46)

بھارت: 8 سال سے تنخواہوں سے محروم 13 اساتذہ کی خودکشی

نئی دہلی (صباح نیوز) بھارتی ریاست مہاراشٹر کے شہر پونے میں ایک بڑے تعلیمی ادارے کی جانب سے گزشتہ آٹھ برسوں سے تنخواہیں اور پنشن ادا نہ کیے جانے کے باعث شدید مالی بحران کا شکار تقریباً 13 اساتذہ نے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 47)

امریکا نے روسی صدر سے ثالثی کی درخواست کی، باقر قالیباف

تہران (صباح نیوز) ایران کے پارلیمانی اسپیکر باقر قالیباف نے دعویٰ کیا ہے کہ امریکا نے روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ایران کے ساتھ مذاکرات میں ثالثی کی درخواست کی۔ قطری ٹی وی کو انٹرویو دیتے ہوئے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 61)

تہران پر دباؤ جاری رہے گا، جی سیون ممالک

ہرمز میں بحری آمدورفت بحال کرنے کی کوششوں کی حمایت کی جائے گی، اعلامیہ

پیرس (صباح نیوز) جی سیون ممالک نے ایران کے جوہری پروگرام پر عالمی خدشات دور کرنے اور سفارتی حل تلاش کرنے پر زور دیتے ہوئے واضح کیا ہے کہ مسئلے کا سفارتی حل نہ نکلنے کی صورت میں تہران پر دباؤ برقرار رکھا جائے گا۔ جی سیون کے جاری کردہ اعلامیے میں آبنائے ہرمز میں تجارتی جہازوں کی آزادانہ اور محفوظ آمدورفت یقینی بنانے کا مطالبہ بھی کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 60)

صوابی پولیس پر فائرنگ 2 اہلکار شہید، باڑہ میں دہشتگرد کمانڈر ہلاک

فائرنگ کا واقعہ صوابی میں پولیس چوکی منصوری کے قریب پیش آیا، لاشیں اور زخمی ہسپتال منتقل، آپریشن شروع کر دیا گیا

شیخان پل میں دہشتگرد کمانڈر کی موجودگی کا رروائی، کمانڈر سیف اللہ مارا گیا، DI خان میں تھانے کی دیوار کو نقصان

صوابی، خبیر (نیوز ایجنسیاں) صوابی میں نامعلوم افراد نے پولیس کی گاڑی پر فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں 2 پولیس اہلکار شہید اور ایک زخمی ہو گیا۔ ڈی پی او وقاص رفیق کے مطابق فائرنگ کا واقعہ صوابی میں پولیس چوکی منصوری کے قریب پیش آیا جہاں پولیس کی گاڑی پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کی۔ وقاص رفیق نے بتایا کہ فائرنگ سے 2 پولیس اہلکار شہید اور ایک پولیس اہلکار زخمی ہو گیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 62)

اسلام آباد، چیف جسٹس یحییٰ آفریدی اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

موٹروے پولیس نے جلتی وین سے بچوں سمیت مسافروں کو نکال لیا

لاہور (صباح نیوز) موٹروے پولیس ایم تھری نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے جلتی ہوئی وین سے 11 بچوں سمیت تمام مسافروں کو بحفاظت نکال لیا۔ لاہور سے ملتان جانے والی ایک بائی ایس وین میں موٹروے ایم (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 64)

شدید برفباری، بابوسر ٹاپ جانے والی شاہراہ بند

برفباری کی صورتحال دیکھ کر بابوسر ٹاپ کھولنے یا بند رکھنے کا فیصلہ کیا جائیگا

مانسہرہ (صباح نیوز) گزشتہ رات کی برفباری کی وجہ سے بابوسر ٹاپ جانے والی شاہراہ بند کر دی گئی ہے اور مزید بھی برفباری کی توقع ہے۔ (آج) ہفتے کو برفباری کی صورتحال دیکھ کر بابوسر ٹاپ کھولنے یا بند رکھنے کا فیصلہ کیا جائیگا۔ تاہم ناران اور جھیل سیف الملوک تک جانے والے راستے کھلے ہیں۔ سیاحوں کی بڑی تعداد اس وقت ناران میں موجود ہے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 63)

روزنامہ شہر نامہ اسلام آباد
Daily SHEHAR NAMA Islamabad

ایڈیٹوریل

فون: 0333-5196088
0344-5335568
Email:sheharnama@gmail.com

ایڈیٹر و پبلشر عائشہ تنویر نے روحانی آرٹ پرنٹنگ پریس 35/E چغتائی پلازہ فضل حق روڈ بلیو ایریا اسلام آباد سے چھپوا کر سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد سے شائع کیا

رابطہ آفس: سیکنڈ فلور العریش پلازہ، غوری ٹاؤن وی آئی پی اسلام آباد

آفس: سٹریٹ نمبر 10، 11th ایونیو بحریہ انکلیو اسلام آباد

گرپتونت سنگھ قتل بھارتی حکومت کو نوٹس!

امریکی عدالت نے سکھ رہنما گرپتونت سنگھ پنّوں کے قتل کی سازش کے مقدمے میں بھارتی حکومت اور اُس کے اعلیٰ عہدیداروں کو باضابطہ نوٹس جاری کرتے ہوئے 8 دسمبر تک جواب جمع کرانے کی ہدایت کی ہے۔ نوٹس بھارتی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوول، سابق ”را چیف“ سمنت گوئل، ایجنسی کے افسروں وِکرم یادو اور نِکھل گپتا کو بھی جاری کیے گئے ہیں۔ عدالتی سمن 9 اکتوبر کو واشنگٹن میں بھارتی سفارت خانے کو موصول کرائے گئے۔ عدالت نے خبردار کیا ہے کہ مقررہ مدت میں جواب جمع نہ کرانے کی صورت میں یکطرفہ فیصلہ سنایا جاسکتا ہے۔ وکیل استغاثہ کے مطابق بھارتی عہدیدار وکاس یادو نے نِکھل گپتا کو پنّوں کے قتل کا ٹاسک دیا تھا اور اِس مقصد کے لئے ایک لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی منظوری بھی دی تھی۔ گرفتار بھارتی شہری نِکھل گپتا کو 20 نومبر کو سزا سنائی جائے گی۔

بھارتی حکومت اور اُس کے اعلیٰ عہدیداروں کو امریکی عدالت کی طرف سے باضابطہ نوٹس جاری ہونا ایک غیر معمولی اور حساس قانونی پیشرفت ہے۔ معاملے کی نوعیت اس لئے بھی غیر معمولی ہے کہ مدعا علیہان میں بھارتی قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوول اور سابق ”را“ چیف سمنت گوئل جیسی بااثر شخصیات شامل ہیں۔ نِکھل گپتا کے خلاف شواہد اور عدالتی کارروائی نے معاملے کو محض سیاسی بیان بازی سے نکال کر ایک سنجیدہ قانونی مرحلے میں داخل کر دیا ہے۔ یہ پیشرفت کسی ایک واقعے تک محدود نہیں بلکہ غیر ملکی سرزمین پر سکھ رہنماؤں کو نشانہ بنانے کے الزامات کے وسیع تر تناظر کا حصہ ہے۔ اِس سے قبل کینیڈا کے سابق وزیراعظم جسٹن ٹروڈو نے پارلیمنٹ میں سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کے قتل اور کینیڈین سرزمین پر سکھ برادری کے خلاف پُرتشدد کارروائیوں میں بھارتی ایجنسیوں کے مبینہ ملوث ہونے کے شواہد سامنے رکھے تھے۔ کینیڈا نے تحقیقات کے دوران بھارتی ہائی کمشنر سمیت متعدد سفارت کاروں اور ”را“ کے افسروں کو ملک بدر کیا جبکہ بھارت اُن کا سفارتی استثنیٰ ختم کرنے اور تفتیش کے لئے پیش کرنے سے انکاری تھا۔ اِس تنازعے نے دونوں ملکوں کے سفارتی تعلقات کو شدید متاثر کیا۔ برطانیہ میں سکھ کارکن اوتار سنگھ کھنڈا جون 2023ء میں برمنگھم کے ایک ہسپتال میں داخل ہونے کے چار روز بعد انتقال کر گئے تھے۔ مارچ 2023ء میں لندن میں بھارتی ہائی کمیشن کے باہر احتجاج کے بعد وہ بھارتی حکام اور میڈیا کی توجہ کا مرکز بنے تھے۔ اُن کے اہلِ خانہ اور سکھ تنظیموں نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ صحت مند تھے اور اُنہیں بھارتی ایجنسیوں نے زہر دیا۔ دوسری جانب اٹلی کے شہر میلان کی ایک فوجداری عدالت میں رواں سال مئی میں اجیت دوول کے خلاف سکھ رہنماؤں کے قتل کی بین الاقوامی سازشوں سے متعلق الزامات کے تحت مقدمہ دائر کیا گیا۔ سکھ رہنماؤں کا مؤقف تھا کہ دوول مختلف مغربی ممالک میں مقیم سکھ کارکنوں کے ماورائے عدالت قتل اور اُن کے خلاف دہشت گردی کے نیٹ ورک کی نگرانی کرتے رہے ہیں۔

اجیت دوول نے اکتوبر 2020ء میں ایک آشرم میں روحانی رہنماؤں سے خطاب کرتے ہوئے کہا تھا: ”یہ ضروری نہیں کہ ہم صرف وہیں لڑیں جہاں آپ چاہتے ہیں۔ بھارت لڑائی کو وہاں لے جائے گا جہاں سے خطرہ جنم لیتا ہے، ہم یقیناً لڑیں گے، اپنی سرزمین پر بھی اور غیر ملکی سرزمین پر بھی۔“ بھارتی وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ سمیت دیگر اعلیٰ حکام بھی متعدد مواقع پر ایسے بیانات دے چکے ہیں کہ بھارت کے خلاف کارروائی کرنے والے عناصر سرحد پار فرار ہو جائیں تب بھی اُنہیں ختم کرنے سے گریز نہیں کیا جائے گا۔ ”نیو انڈیا“ کے نام سے پیش کیا جانے والا یہی طرزِ فکر مودی ڈاکٹرائن کہلاتا ہے، جس نے بھارت کو بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کے منشور اور دیگر ممالک کی خودمختاری کے حوالے سے شدید تنقید کی زد میں لا کھڑا کیا ہے۔ مغربی ممالک ایک عرصے تک چین کا مقابلہ کرنے کے لئے بھارت کو خطے میں اہم اتحادی سمجھتے اور اُس کی کارروائیوں سے چشم پوشی کرتے رہے لیکن کینیڈا اور امریکہ میں سامنے آنے والے واقعات نے اِس رویّے کو تبدیل کیا ہے۔ غیر ملکی سرزمین پر مخالفین کو نشانہ بنانے کے الزامات نے بھارت کی سفارتی ساکھ کو نقصان پہنچایا ہے۔ 10 مئی کا واقعہ بھی دنیا کے سامنے ہے جس میں بھارتی فوجی طاقت اور عسکری برتری کے دعوؤں کو شدید دھچکا پہنچا۔ اِسی طرح مشرقِ وسطیٰ اور ایران میں بھارتی ایجنٹوں اور جاسوسوں کی گرفتاریوں کی اطلاعات نے بھی بھارتی خفیہ اور دفاعی مشینری کی کارکردگی پر سوالات اٹھائے ہیں۔ قطر میں بھارتی بحریہ کے سابق اہلکاروں کو موت کی سزا سنایا جانا جسے بعد ازاں سفارتی کوششوں کے نتیجے میں تبدیل کر دیا گیا، بھارت کے لئے ایک اور سفارتی دھچکا تھا۔ مودی حکومت کی جانب سے ماورائے عدالت قتل، دوسرے ممالک کی خودمختاری کی خلاف ورزی اور مبینہ خفیہ نیٹ ورکس کے ذریعے مخالفین کو نشانہ بنانے کی پالیسی نے خود بھارت کو عالمی سطح پر سفارتی تنہائی سے دوچار کر رکھا ہے۔ بین الاقوامی قوانین کسی بھی ریاست کو یہ اجازت نہیں دیتے کہ وہ اپنی سرحدوں سے باہر کارروائیاں کر کے دوسرے ممالک کی خودمختاری پامال کرے۔ بھارتی قیادت کو اپنی جارحانہ پالیسیوں پر سنجیدگی سے نظرثانی کرنی چاہئے۔ اکیسویں صدی میں طاقت، دھمکی اور ماورائے عدالت کارروائیوں کے ذریعے دنیا کو یرغمال نہیں بنایا جاسکتا۔ اگر بھارت نے اپنے طرزِ عمل کو تبدیل نہ کیا تو امریکی عدالتی نوٹس محض ایک ابتدائی مرحلہ ثابت ہو سکتے ہیں اور اُسے مزید سخت سفارتی، قانونی اور اقتصادی نتائج کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔

بیوروکریسی اور سیاست!



امتیاز احمد عباسی
Sheharnama@gmail.com

پاکستان میں بیوروکریسی نے احتساب کے نام پر خوف کا وہ دور دیکھا ہے جسے شاید آسانی سے بھلایا نہیں جاسکتا، یہ وہ وقت تھا جب نیب کا نام ہی کسی افسر یا سرکاری عہدیدار کیلئے کافی تھا کہ اس کی راتوں کی نیند اڑ جائے، تحقیقات بعد میں، گرفتاری پہلے ہو جاتی، نتیجہ کیا نکلا؟ ملک میں فیصلے رُک گئے، سرکاری فائلیں ٹھپ ہو گئیں، افسر دستخط کرنے سے خوفزدہ اور بیوروکریسی کا ایک بڑا حصہ اس فلسفے پر چل پڑا کہ کوئی فیصلہ کرنے سے بہتر ہے فیصلہ ہی نہ کیا جائے، یہی وہ بیماری تھی جس نے پاکستان کی انتظامی مشینری اور نظام کو اندر سے کھوکھلا کر دیا، موجودہ وفاقی وزیر احد چیمہ ہوں یا سابق وزیراعظم کے پرنسپل سیکرٹری فواد حسن فواد، ان کے خلاف طویل تحقیقات، گرفتاریوں اور برسوں پر محیط قانونی عمل کے بعد نتیجہ بے گناہی کی صورت نکلا، مگر تاثر پیدا ہوا کہ احتساب کا عمل بعض اوقات کرپشن کے خاتمے سے زیادہ خوف پیدا کرنے کا ذریعہ بن گیا ہے اور جب خوف ریاستی نظام پر غالب آ جائے تو کرپشن ختم نہیں ہوتی، فیصلہ سازی ختم ہو جاتی ہے، خدا خدا کر کے پاکستان ایک ایسے مرحلے پر پہنچا جہاں یہ بات سمجھ میں آئی کہ احتساب اور انتقام، قانون اور ہراسمنٹ، تحقیق اور تذلیل کے درمیان فرق ہونا چاہئے، نیب کے اختیارات، طریقہ کار اور گرفتاریوں کے حوالے سے شدید بحث ہوئی، قانونی تبدیلیاں آئیں اور کم از کم یہ احساس پیدا ہوا کہ کسی شخص کو محض الزام کی بنیاد پر عوامی طور پر مجرم بنا دینا انصاف نہیں۔

پنجاب میں اب ہم دوبارہ اسی راستے پر چل پڑے ہیں؟ فرق صرف اتنا ہے کہ اس مرتبہ نام نیب کا نہیں اینٹی کرپشن کا ہے، کرپشن کے خلاف کارروائی کون نہیں چاہتا؟ ہر شہری چاہتا ہے کہ رشوت لینے والا پکڑا جائے، قومی خزانے کو نقصان پہنچانے والے کا احتساب ہو، زمینوں پر قبضہ کرنے والا سزا پائے، جعلی بل بنانے والے، سرکاری فنڈز کھانے والے اور اپنے اختیارات کو ذاتی دولت بنانے کے لئے استعمال کرنے والے قانون کے شکنجے میں آئیں، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا کرپشن کے خاتمے کے لئے کسی کو یہ اختیار دے دیا جائے کہ وہ جسے چاہے اٹھا لے، جسے چاہے سرِ عام رسوا کرے، جس کے خلاف چاہے کارروائی شروع کر دے اور بعد میں اگر معاملہ غلط ثابت ہو تو اس کی عزت، کیریئر اور زندگی کا نقصان کون پورا کرے گا؟ یہ سوال پنجاب حکومت کو سنجیدگی سے سوچنا ہوگا۔ حالیہ دنوں میں بعض کارروائیوں اور سرکاری افسروں کے خلاف اختیار کیے گئے طریقہ کار نے انتظامی حلقوں میں تشویش پیدا کر دی ہے، خانیوال کی سابق خاتون ڈپٹی کمشنر، ملیحہ رشید کے حوالے سے سامنے آنے والے واقعہ نے بیوروکریسی میں ایک واضح پیغام پہنچایا ہے کہ کام کرنے والے افسر کا کوئی محافظ نہیں، ایسے افسروں کے خلاف کوئی غلط شکایت بھی کارروائی بنا دی جائے، وضاحت دینے کا موقع بعد میں ملے اور سزا کا ماحول پہلے پیدا کر دیا جائے تو پھر کون افسر کام کرے گا؟ یہاں ایک بنیادی بات سمجھنے کی ضرورت ہے، بیوروکریسی فرشتوں کا ادارہ نہیں، لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ یہی بیوروکریسی حکومت کے ہر منصوبے کو زمین پر نافذ کرتی ہے، وزیراعلیٰ منصوبے کا اعلان کر سکتی ہیں، کابینہ منظوری دے سکتی ہے، سیاسی قیادت پالیسی بنا سکتی ہے، مگر سڑک کون بنائے گا؟ ہسپتال کون چلائے گا؟ سکولوں کا نظام کون سنبھالے گا؟ ترقیاتی منصوبوں کے ٹینڈر، فنڈز، زمین، تعمیرات، انتظامی منظوری اور روزانہ کی نگرانی کون کرے گا؟ جواب ہے، وہی سرکاری انتظامی مشینری جسے آج خوفزدہ کیا جا رہا ہے، پنجاب میں اس وقت سینکڑوں منصوبے چل رہے ہیں، حکومت بڑے بڑے ترقیاتی پروگراموں، انفراسٹرکچر، صحت، تعلیم، شہری سہولتوں اور مختلف اصلاحاتی منصوبوں کے دعوے کر رہی ہے، لیکن ایک خوفزدہ افسر سب سے خطرناک ہوتا ہے، وہ غلط کام نہیں کرے گا مگر درست کام کرنے سے بھی ڈرے گا، وہ فائل پر فیصلہ نہیں کرے گا بلکہ فائل کو دس محکموں میں گھمائے گا، وہ ہر معاملے میں قانونی رائے مانگے گا، ہر منظوری کے لئے کمیٹی بنے گی، ہر کمیٹی مزید وضاحت مانگے گی اور یوں پنجاب کا پہلے ہی سست دفتری نظام مزید سست ہو جائے گا۔ یہی وہ مقام ہے جہاں وزیراعلیٰ پنجاب کو اپنے گرد موجود لوگوں سے ایک بنیادی سوال پوچھنا چاہئے، کیا آپ کرپشن ختم کر رہے ہیں یا انتظامیہ کو کام کرنے سے روک رہے ہیں؟ دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے، کرپشن کے خلاف کارروائی ضرور ہونی چاہئے، مگر کارروائی قانون کے مطابق ہونی چاہئے، انکوائری ہونی چاہئے، مگر عزت اچھالنے کی قیمت پر نہیں، گرفتاری ہونی چاہئے، مگر صرف اس وقت جب واقعی قانونی ضرورت ہو، اختیارات ہونا چاہئیں، مگر ان اختیارات پر نگرانی بھی ہونی چاہیے، کسی افسر کے خلاف شکایت آئے تو اس کی تحقیقات ہوں، اسے جواب دینے کا موقع ملے، ثبوت جمع کیے جائیں، قانونی مراحل مکمل ہوں، مگر یہ کیا طریقہ ہے کہ پہلے ایک انسان کو مجرم بنا دیا جائے اور پھر اس سے کہا جائے کہ اب ثابت کرو کہ تم بے گناہ ہو؟ یہ انصاف نہیں، یہ خوف کی حکمرانی ہے اور پاکستان کو خوف کی حکمرانی کا تلخ تجربہ پہلے بھی ہو چکا ہے۔ پنجاب کے چیف سیکرٹری زاہد زمان کا کردار یہاں انتہائی اہم ہو جاتا ہے، چیف سیکرٹری صرف وزیراعلیٰ کے احکامات آگے منتقل کرنے والا افسر نہیں ہوتا، اس کی سب سے بڑی ذمہ داری سیاسی قیادت کو انتظامی حقائق سے آگاہ کرنا بھی ہوتی ہے، اگر انتظامی مشینری خوفزدہ ہے تو وزیراعلیٰ کو بتایا جانا چاہئے، اگر فیلڈ افسر دستخط کرنے سے گھبرا رہے ہیں تو وزیراعلیٰ کو آگاہ ہونا چاہئے، اگر اینٹی کرپشن کی کارروائیوں کے طریقہ کار پر سرکاری افسروں میں تشویش ہے تو وزیراعلیٰ کو اعتماد میں لیا جانا چاہئے اور اگر کسی کارروائی سے پوری بیوروکریسی میں یہ تاثر پیدا ہو رہا ہے کہ کوئی بھی افسر کسی بھی وقت ہدف بن سکتا ہے تو یہ تاثر دور کرنا چیف سیکرٹری اور وزیر اعلیٰ دونوں کی ذمہ داری ہے۔ پنجاب حکومت کو فوری طور پر اینٹی کرپشن کے طریقہ کار کا جائزہ لینا چاہئے

ترسیلاتِ زر میں ریکارڈ اضافہ، مگر معیشت کو پائیدار ترقی کی ضرورت



منظر نقوی

پاکستان کی معیشت کے لیے ایک اور حوصلہ افزا خبر سامنے آئی ہے کہ اکتوبر 2026ء کے دوران بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجی جانے والی ترسیلاتِ زر 3 ارب 89 کروڑ ڈالر تک پہنچ گئیں، جو گزشتہ سال کے اسی مہینے کے مقابلے میں 8.13 فیصد زیادہ ہیں۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق رواں مالی سال کے ابتدائی چار ماہ میں ترسیلاتِ زر کا مجموعی حجم تقریباً 14 ارب 80 کروڑ ڈالر تک پہنچ گیا، جو سالانہ بنیاد پر تقریباً 14 فیصد اضافے کو ظاہر کرتا ہے۔ بلاشبہ یہ اعداد و شمار پاکستان کے زرمبادلہ کے ذخائر، بیرونی ادائیگیوں اور معاشی استحکام کے لیے خوش آئند ہیں، تاہم اس مثبت پیش رفت کے پس منظر میں ایک بنیادی سوال اپنی جگہ موجود ہے کہ کیا پاکستان ان مالی وسائل کو مستقل معاشی ترقی اور خودانحصاری کی مضبوط بنیاد میں تبدیل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے؟

بیرونِ ملک مقیم پاکستانی کئی دہائیوں سے قومی معیشت کے سب سے قابلِ اعتماد معاونین میں شامل ہیں۔ ان کی محنت سے کمائی گئی رقوم نہ صرف لاکھوں خاندانوں کی کفالت، بچوں کی تعلیم، علاج معالجے اور رہائشی ضروریات پوری کرتی ہیں بلکہ ملکی منڈیوں میں معاشی سرگرمیوں کو بھی فروغ دیتی ہیں۔ ایسے حالات میں جب برآمدات درآمدی ضروریات کے مقابلے میں ناکافی ہوں اور غیر ملکی سرمایہ کاری مطلوبہ رفتار سے نہ بڑھ رہی ہو، ترسیلاتِ زر ملکی معیشت کے لیے ایک اہم سہارا ثابت ہوتی ہیں۔ تاہم اس حقیقت کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا کہ ترسیلاتِ زر پر ضرورت سے زیادہ انحصار بنیادی معاشی اصلاحات کا متبادل نہیں بن سکتا۔

تازہ اعداد و شمار پاکستان کی بیرونِ ملک افرادی قوت کی اہمیت کو مزید نمایاں کرتے ہیں۔ اکتوبر کے دوران سعودی عرب سے تقریباً 98 کروڑ 20 لاکھ ڈالر، متحدہ عرب امارات سے 81 کروڑ 60 لاکھ ڈالر، برطانیہ سے 59 کروڑ 20 لاکھ ڈالر اور امریکہ سے تقریباً 32 کروڑ 90 لاکھ ڈالر کی ترسیلات موصول ہوئیں۔ یہ اعداد و شمار ان ممالک کے ساتھ پاکستان کے مضبوط معاشی اور افرادی تعلقات کی نشاندہی کرتے ہیں۔ اس تناظر میں ضروری ہے کہ حکومت بیرونِ ملک روزگار کے مواقع میں اضافے، پاکستانی کارکنوں کے حقوق کے تحفظ اور اہم لیبر مارکیٹوں کے ساتھ مؤثر سفارتی و اقتصادی روابط کو اپنی ترجیحات میں شامل کرے۔

اسٹیٹ بینک نے رواں مالی سال کے لیے ترسیلاتِ زر کا تخمینہ 44 ارب ڈالر سے بڑھا کر 45 ارب ڈالر کر دیا ہے۔ اگر یہ ہدف حاصل ہو جاتا ہے تو پاکستان کی بیرونی مالی ضروریات پوری کرنے میں قابلِ ذکر مدد مل سکتی ہے۔ تاہم محض ترسیلاتِ زر میں اضافے سے کمزور برآمدی بنیاد، صنعتی پیداوار میں سست روی، توانائی کی بلند قیمتوں، محدود سرمایہ کاری اور مالیاتی عدم توازن جیسے دیرینہ مسائل حل نہیں ہو سکتے۔

یہ حقیقت بھی پیشِ نظر رہنی چاہیے کہ بیرونِ ملک پاکستانیوں کی بھیجی گئی رقوم ان کی سخت محنت، قربانیوں اور اپنے خاندانوں سے طویل جدائی کا ثمر ہیں۔ حکومت کو ان وسائل کو محض زرمبادلہ کے حصول کا آسان ذریعہ سمجھنے کے بجائے ایسی پالیسیاں تشکیل دینی چاہئیں جن کے ذریعے سمندر پار پاکستانی اپنی مرضی اور اعتماد کے ساتھ ملکی ترقی میں سرمایہ کاری کر سکیں۔ صنعت، زراعت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، قابلِ تجدید توانائی، رہائش اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار ایسے شعبے ہیں جہاں بیرونِ ملک پاکستانیوں کی سرمایہ کاری اہم تبدیلی لا سکتی ہے۔

اس مقصد کے لیے شفاف، محفوظ اور سرمایہ کار دوست نظام ناگزیر ہے۔ سرمایہ کاری کے خصوصی مالیاتی منصوبے، جدید ڈیجیٹل پلیٹ فارمز، آسان قانونی طریقہ کار اور سرمایہ کاروں کے حقوق کا مؤثر تحفظ بیرونِ ملک پاکستانیوں کے اعتماد میں اضافہ کر سکتے ہیں۔ معاشی پالیسیوں میں تسلسل، ادارہ جاتی شفافیت اور تنازعات کے فوری حل کے بغیر بڑے پیمانے پر سرمایہ کاری کی توقع رکھنا حقیقت پسندانہ نہیں ہوگا۔

بینکاری اور مالیاتی اداروں کو بھی اس سلسلے میں فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ بیرونِ ملک پاکستانیوں اور ان کے خاندانوں کے لیے بچت اور سرمایہ کاری کی نئی سہولتیں متعارف کرائی جائیں۔ مالیاتی آگاہی کو فروغ دے کر ترسیلات وصول کرنے والے خاندانوں کو بہتر مالی منصوبہ بندی، بچت اور محفوظ سرمایہ کاری کی طرف راغب کیا جا سکتا ہے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج، سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور دیگر متعلقہ اداروں کو سرمایہ کاروں کی تعداد بڑھانے اور مالیاتی خواندگی کے فروغ کے لیے مشترکہ اور مؤثر حکمتِ عملی اختیار کرنی چاہیے۔

ملک میں سرمایہ کاروں کی بنیاد وسیع کرنے، عوام کو منظم مالیاتی منڈیوں سے روشناس کرانے اور بچت کو پیداواری سرمایہ کاری میں تبدیل کرنے کی کوششیں وقت کی اہم ضرورت ہیں۔

پاکستان کو اپنی افرادی قوت کے معیار میں بہتری پر بھی خصوصی توجہ دینا ہوگی۔ فنی تعلیم، بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ پیشہ ورانہ اسناد، زبانوں کی تربیت اور ڈیجیٹل مہارتوں کے فروغ سے پاکستانی نوجوان بیرونِ ملک بہتر معاوضے والی ملازمتیں حاصل کر سکتے ہیں۔ محض غیر ہنرمند افرادی قوت کی برآمد کے بجائے انجینئرنگ، صحت، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور جدید صنعتی شعبوں میں تربیت یافتہ ماہرین تیار کرنا قومی ترجیح ہونی چاہیے۔

اس کے ساتھ ساتھ ملکی برآمدات اور صنعتی پیداوار میں اضافہ بھی ناگزیر ہے۔ کوئی بھی معیشت مستقل طور پر بیرونِ ملک کمائی گئی رقوم کے سہارے مضبوط نہیں بن سکتی جب تک وہ اپنی پیداواری صلاحیت، برآمدی مسابقت اور روزگار کے مواقع میں نمایاں اضافہ نہ کرے۔

ایک اور سنگ میل: پاک فوج کا ہائپرسونک بیلسٹک میزائل "فتح-2" (ای آر) کا کامیاب تجربہ



عبدالباسط علوی
abdulbasitalvi@gmail.com

پاک فوج نے فتح ٹو ایکسٹینڈڈ رینج بیلسٹک میزائل کا کامیاب تجربہ کیا ہے، جو ملک کے روایتی ہتھیاروں کی جدت کاری میں ایک اہم پیش رفت اور اس کی دفاعی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے کی علامت ہے۔ پاکستانی سائنسدانوں اور انجینئرز کی برسوں کی تحقیق سے تیار کردہ یہ میزائل پرواز کے کنٹرول اور نشانے کی درستگی کو بہتر بنانے کے لیے جدید نیویگیشن اور ایویونکس سسٹمز کا حامل ہے۔ اس کی تیز رفتار اور پرواز کے دوران سمت تبدیل کرنے کی صلاحیت دشمن کے فضائی دفاعی سسٹمز کے لیے میزائل کو روکنا مزید مشکل بنا دیتی ہے۔ انٹر سروسز پبلک ریلیشنز (ISPR) کے مطابق یہ میزائل مخالف دفاع کو مات دینے اور فوجی کمانڈ سینٹرز، ریڈار تنصیبات اور اہم انفراسٹرکچر سمیت اہم اہداف کو نشانہ بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ اس کی درستگی کا اندازہ سرکلر ایرر پروبابل ویبل (CEP) کے ذریعے لگایا جاسکتا ہے، جو اس رداس کی نشاندہی کرتا ہے جس کے اندر فائر کیے جانے والے آدھے میزائلوں کے گرنے کی توقع ہوتی ہے۔ اس کی بڑھتی ہوئی رینج فوج کی آپریشنل پہنچ کو بھی بڑھاتی ہے، جس سے اسے فرنٹ لائن سے مزید پیچھے کی پوزیشنوں سے دور دراز کے مقامات کو نشانہ بنانے کی اجازت ملتی ہے۔ یہ صلاحیت دشمن کے کارروائیوں میں خلل ڈالنے اور حریف کے اندرونی علاقوں میں گہرائی تک اسٹریٹجک اثاثوں کو خطرے میں ڈالنے میں مددگار ثابت ہو سکتی ہے۔

اس تجربے کا مشاہدہ آرمی راکٹ فورس کمانڈ کے کمانڈر، پاکستان آرمی کے سینئر افسران اور میزائل کی تیاری میں شامل سائنسدانوں اور انجینئرز نے کیا۔ ان کی موجودگی نے اس سسٹم کی فوجی اہمیت کو اجاگر کیا اور اس کے ڈویلپرز کو اس کی کارکردگی کا مشاہدہ کرنے اور مزید بہتری کے لیے ڈیٹا اکٹھا کرنے کا موقع فراہم کیا۔ کمانڈر نے ٹیم کی لگن اور تکنیکی مہارت کی تعریف کی، جبکہ صدر، وزیراعظم، مسلح افواج کے سربراہان اور سروسز چیفس نے انہیں اس کامیابی پر مبارکباد دی۔ اس کامیاب تجربے نے پاکستانیوں میں فخر کا احساس بھی پیدا کیا ہے، جو مضبوط دفاعی صلاحیتوں کو قومی سلامتی کے لیے اہم سمجھتے ہیں۔ فتح ٹو گائیڈڈ ملٹیپل لانچ راکٹ سسٹمز کے ایک ایسے خاندان سے تعلق رکھتا ہے جو مسلسل بہتری کے ذریعے تیار کیا گیا ہے۔ فتح ون کی رینج تقریباً 150 کلومیٹر بتائی جاتی ہے، جبکہ اصل فتح ٹو اسے بڑھا کر تقریباً 400 کلومیٹر تک لے جاتی ہے۔ ایکسٹینڈڈ رینج کا یہ ورژن اس سسٹم کی مزید ترقی کی نمائندگی کرتا ہے اور اس کی پہنچ کو بہتر بنانے کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے۔ آئی ایس پی آر کی فوٹیج سے پتہ چلتا ہے کہ نئے میزائل کا جسم لمبا ہے جبکہ اس کا قطر تقریباً 600 ملی میٹر برقرار رکھا گیا ہے۔ اضافی لمبائی زیادہ ٹھوس راکٹ ایندھن کے لیے جگہ فراہم کر سکتی ہے، جو ممکنہ طور پر رینج کو بڑھا سکتی ہے، حالانکہ اس سے وزن بھی بڑھ سکتا ہے اور لانچ سسٹم پر زیادہ بوجھ پڑ سکتا ہے۔ راکٹ موٹر یا ایندھن کی ساخت میں بہتری بھی اس کی بڑھی ہوئی رینج میں حصہ ڈال سکتی ہے۔

اصل فتح-2 کی لمبائی تقریباً ساڑھے سات میٹر ہے۔ یہ تقریباً 365 کلوگرام وزنی وار ہیڈ لے جاتا ہے۔ اس کی درستگی 50 میٹر سرکلر ایرر پروبیبل کے اندر بتائی گئی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی دیے گئے ہدف پر فائر کیے گئے نصف میزائل اس ہدف کے 50 میٹر کے اندر گرنے کی توقع ہوتی ہے۔ فتح-2 کی اینٹی شپ بیلسٹک میزائل قسم، جسے "سماش" (SMASH) کے نام سے جانا جاتا ہے، اپنے سیکر کنفیگریشن کے لحاظ سے 10 سے 15 میٹر سرکلر ایرر پروبیبل کے اندر اور بھی زیادہ درستگی رکھتی ہے۔ فتح-2 ایکسٹینڈڈ رینج سے درستگی کی اس سطح کو برقرار رکھنے یا اس سے بھی بہتر کرنے کی توقع ہے۔ میزائل کی درستگی کا تعین اس کے گائیڈنس سسٹم کے معیار اور اس کے نیویگیشن کی باریکیوں سے ہوتا ہے۔ آئی ایس پی آر کے بیان میں ذکر کردہ جدید نیویگیشن اور ایویونکس سسٹمز ہی وہ اجزاء ہیں جو اسے اعلیٰ درجے کی درستگی کو ممکن بناتے ہیں۔

فتح-2 کی ایکسٹینڈڈ رینج پاک فوج کی زیادہ فاصلے پر واقع اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت کو بڑھائے گی۔ اس میں وہ اہداف بھی شامل ہیں جو دشمن کے علاقے میں کافی اندر واقع ہیں۔ فوجی حکمت عملی میں اندر تک وار کرنے (ڈیپ اسٹرائیک) کا تصور انتہائی اہم ہے۔ اس سے مراد دشمن کی فرنٹ لائنز کے کافی پیچھے واقع اہداف پر حملہ کرنے کی صلاحیت ہے۔ ان اہداف میں کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹرز، ایئربیسز، سپلائی ڈپو اور مواصلاتی مراکز شامل ہو سکتے ہیں۔ ایسے اہداف کو خطرے میں ڈالنے کی صلاحیت دشمن کی اپنے فوجی آپریشنز کو مربوط اور برقرار رکھنے کی صلاحیت کو ڈسٹرب کر سکتی ہے۔ یہ اس بات کا مظاہرہ کر کے ایک ڈیٹرنس کا کام بھی کر سکتا ہے کہ کوئی بھی ہدف حملے سے مکمل طور پر محفوظ نہیں ہے۔

یہ تجرباتی فائر خود تربیتی مقاصد کے ساتھ ساتھ میزائل کی بہتر درستگی اور بہتر بچاؤ صلاحیت (سروائیویبلٹی) کو جانچنے کے لیے کیا گیا تھا۔ تربیتی پہلو اس لیے اہم ہے کیونکہ یہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ جو اہلکار اس سسٹم کو چلاتے ہیں وہ اس کے طریقہ کار سے واقف ہیں اور کسی حقیقی صورتحال میں اسے مؤثر طریقے سے استعمال کر سکتے ہیں۔ بہتر درستگی اور بچاؤ کی صلاحیت کی آزمائش اس بات کی نشان دہی کرتی ہے کہ حالیہ ٹیسٹ صرف ایک مظاہرہ نہیں تھا بلکہ اس سسٹم کی کارکردگی کی خصوصیات کی تصدیق بھی تھی۔ اس تناظر میں سروائیویبلٹی سے مراد غالباً میزائل کی اس کو انٹرسیپٹ یا تباہ کرنے کی کوششوں سے بچنے کی صلاحیت ہے۔ میزائل کی لچکدار پرواز اور رفتار بنیادی عوامل ہیں جو اس کی بچاؤ کی صلاحیت میں حصہ ڈالتے ہیں۔

اطلاعات کے مطابق آرمی راکٹ فورس کمانڈ کو مخصوص سیکیورٹی چیلنجز کے بعد قائم کیا گیا تھا۔ اس کمانڈ کا قیام فوج کی میزائل صلاحیتوں کو زیادہ توجہ مرکوز اور مؤثر انداز میں منظم اور سنبھالنے کی خواہش کو ظاہر کرتا ہے۔ فتح-2 ایکسٹینڈڈ رینج کا کامیاب ٹیسٹ اس کمانڈ کی سرپرستی میں کیے جانے والے کام کی تصدیق ہے۔ یہ ثابت کرتا ہے کہ کمانڈ کے پاس پیچیدہ میزائل سسٹمز کو سنبھالنے کے لیے تکنیکی مہارت اور آپریشنل صلاحیت موجود ہے۔

جنوبی ایشیا میں علاقائی سیکیورٹی کا ماحول پاکستان اور بھارت کے درمیان مسلسل جاری اسلحے کی دوڑ سے نشان زد ہے۔ دونوں ممالک ایٹمی طاقتیں ہیں اور دونوں چھوٹی، درمیانی اور طویل فاصلے تک مار کرنے والے میزائل سسٹمز تیار کر رہے ہیں۔ فتح-2 ایکسٹینڈڈ رینج اس ماحول میں ایک قابلِ اعتماد روایت پسندانہ دفاعی ڈیٹرنس کو برقرار رکھنے کی پاکستان کی کوششوں کا حصہ ہے۔ نئے میزائل سسٹمز کی تیاری اکثر دوسری طرف کی پیش رفت کا جواب ہوتی ہے۔ فتح-2 ایکسٹینڈڈ رینج پاکستان کو ایک روایت پسندانہ ڈیپ اسٹرائیک صلاحیت فراہم کرتا ہے جسے ممکنہ خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے۔

فتح-2 ایکسٹینڈڈ رینج کا کامیاب تجربہ پاکستان کی دفاعی صلاحیتوں کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ یہ ایک ایسے ہتھیار کے نظام میں جدید ٹیکنالوجیز کی کامیاب شمولیت کی نمائندگی کرتا ہے جو ملک کا دفاع کرنے کی فوجی صلاحیت کو بڑھا سکتا ہے۔ طویل رینج، اعلیٰ درستگی اور میزائل دفاعی نظام سے بچنے کی صلاحیت کا امتزاج اسے پاک فوج کے لیے ایک قیمتی اثاثہ بناتا ہے۔ حکومت اور فوجی قیادت کی اعلیٰ ترین سطحوں کی طرف سے سائنسدانوں اور انجینئرز کو دیا جانے والا اعتراف اس کامیابی کی اہمیت کی عکاسی کرتا ہے۔ پاکستان کے عوام کے لیے یہ ٹیسٹ فخر کا ذریعہ ہے اور اس بات کا اطمینان ہے کہ مسلح افواج ملک کی حفاظت کے لیے مسلسل کوشاں ہیں۔

شہر نامہ SHEHAR NAMA

فن و ثقافت



پریانکا چوپڑا کو دیوالی پارٹی کی تصاویر شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا



ممبئی (پی این پی) عالمی شہرت یافتہ بھارتی اداکارہ پریانکا چوپڑا کو دیوالی پارٹی کی تصاویر سوشل میڈیا پر شیئر کرنا مہنگا پڑ گیا۔ پریانکا چوپڑا نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر لاس اینجلس میں اپنے گھر پر منعقد کی گئی دیوالی پارٹی کے خوش گوار لمحات کی تصاویر شیئر کی ہیں۔ ان تصاویر میں سے ایک تصویر میں انہیں جھینگے کھاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اداکارہ کی جانب سے شیئر کی گئی یہ تصاویر جلد ہی سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئیں اور انتہا پسند ہندوؤں کی جانب سے انہیں ہندوؤں کے مذہبی تہوار پر گوشت کھانے پر شدید تنقید کا نشانہ بنایا جا رہا ہے۔ کچھ صارفین کی جانب سے دیوالی کے موقع پر گھر کی سجاوٹ کے لیے روایتی دیے کے بجائے موم بتیاں استعمال کرنے پر بھی اعتراض کیا گیا۔ واضح رہے کہ بھارتی اداکارہ پریانکا چوپڑا امریکا میں رہنے کے باوجود بھی مختلف تہواروں پر بھارتی ثقافتی روایات سے اپنی وابستگی کا اظہار کرتی رہتی ہیں۔

بچوں کی کمی محسوس نہیں ہوئی، جانوروں سے ملی محبت زیادہ قیمتی ہے: ثانیہ سعید



لاہور (پی این پی) پاکستان کی سینئر اداکارہ ثانیہ سعید کا کہنا ہے کہ مجھے بچوں کی کمی کبھی محسوس نہیں ہوئی، جانوروں سے ملنے والی محبت زیادہ قیمتی ہے۔ ثانیہ سعید نے حال ہی میں ایک پوڈ کاسٹ میں بطور مہمان شرکت کی جہاں ان سے ماں نہ بننے کے فیصلے پر یہ سوال بھی کیا گیا کہ کیا ان کے پالتو جانور بچوں کی کمی پوری کرتے ہیں یا انہیں زندگی میں کسی خلاء کا احساس ہوتا ہے؟ اُنہوں نے ماں نہ بننے کے فیصلے کے بارے میں بات کرتے ہوئے انکشاف کیا کہ مجھے بچے پیدا نہ کرنے پر کبھی کسی کمی کا احساس نہیں ہوا۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ جانوروں سے ملنے والی محبت میرے لیے زیادہ قیمتی ہے اور یہ محبت غیر مشروط ہوتی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ ایسا نہیں کہ مجھے بچے پسند نہیں یا میں ماں بننے کے تجربے سے لطف اندوز نہیں ہوتی۔ ثانیہ سعید نے کہا کہ مجھے بچے پسند ہیں

’بچے مجھ سے بات ہی نہیں کرتے‘
جان ریمبو آبدیدہ ہو گئے

لاہور (پی این پی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے معروف اداکار جان ریمبو نے اپنے بچوں کے ساتھ وقت نہ گزار پانے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کامیابی اور ترقی کی مصروفیات نے انہیں اولاد سے دور کر دیا۔ جان ریمبو نے سوشل میڈیا پر سامنے آنے والے ایک بیان میں اعتراف کیا کہ وہ اپنی پیشہ ورانہ مصروفیات کے باعث بچوں کو مناسب وقت نہیں دے پائے تو اب وہ اپنی اہلیہ سے اکثر کہتے ہیں کہ بچوں کو ان کے پاس کچھ دیر بیٹھنے کے لیے کہا کریں تاکہ وہ ان کے ساتھ وقت گزار سکیں۔ انہوں نے کہا کہ بچے ایک ہی گھر میں ہوتے ہیں لیکن ہمیشہ اپنے کمروں میں ہی رہتے ہیں، کاش ہو میرے پاس آ کر تھوڑی دیر بیٹھ جائیں۔

کردار کو حقیقی روپ دینے کیلئے اداکارہ ہما قریشی نے سر منڈوا لیا











































کردار کو حقیقی روپ دینے کیلئے اداکارہ ہما قریشی نے سر منڈوا لیا ممبئی (پی این پی) بھارت کے سیاسی ڈرامے مہارانی کے سیزن 5 کا پہلا لُک جاری کر دیا گیا، جس میں مرکزی اداکارہ ہما قریشی (رانی بھارتی) کے بالکل نئے اور انوکھے انداز نے سب کی توجہ حاصل کر لی۔ اس بار ہما نے اس کردار کے لیے گنجا ہونے کا انتہائی جرات مندانہ فیصلہ کیا۔ ہما قریشی نے بھارتی میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے کیریئر میں اس سے پہلے کبھی ایسا روپ نہیں اپنایا تھا۔ اداکارہ کا کہنا تھا کہ اس سیزن کے تقاضے کچھ ایسے تھے جو میں نے پہلے کبھی نہیں کیے تھے۔ گنجا ہونے کے اس عمل نے ایک اداکارہ کے طور پر میری صلاحیتوں کو مزید نکھارا اور مجھے کردار کی گہرائی کو سمجھنے میں مدد ملی ہے۔" ہما نے کہا کہ وہ ہمیشہ سے ایسے پیچیدہ کرداروں کی طرف مائل رہی ہیں جو روایتی دائروں میں محدود نہیں ہوتے۔ رانی بھارتی کا کردار ان کے لیے ہمیشہ سے چیلنجنگ رہا جو معاشرتی اصولوں کو چیلنج کرتے ہوئے اپنا راستہ خود بناتی ہے۔

شہرت کے باوجود وہاج میں غرور نہیں آیا، امر خان



لاہور (پی این پی) پاکستانی اداکارہ امر خان نے ساتھی اداکار وہاج علی کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ بے پناہ شہرت اور کامیابی کے باوجود ان کے رویے میں کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ حال ہی میں ایک انٹرویو کے دوران امر خان نے نئے ڈرامہ سیریل میں وہاج علی کے ساتھ کام کرنے کے تجربے پر گفتگو کی۔ اداکارہ نے کہا کہ اگرچہ کئی اداکار ’بالا‘ کا کردار ادا کر سکتے تھے لیکن وہاج علی نے جس مہارت سے یہ کردار نبھایا، شاید کوئی دوسرا اداکار ایسا نہ کر پاتا۔ امر خان نے بتایا کہ وہ وہاج علی کو اس وقت سے جانتی ہیں جب دونوں نے اپنے کیریئر کا آغاز کیا تھا۔ ڈرامہ ’تیرے بن‘ کی غیر معمولی کامیابی نے بھی وہاج علی کے مزاج میں غرور پیدا نہیں کیا۔



امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا پریس کانفرنس کررہے ہیں

بلدیاتی انتخابات ملتوی کرنے کی سازش برداشت نہیں کرینگے، نصر اللہ رندھاوا

انتخابات 20 دسمبر کو مقررہ وقت پر کرائے جائیں، اسلام آباد ہم سب کا شہر ہے، حکومت نے اسے اپنی جاگیر سمجھ رکھا ہے

شہریوں کو انکے منتخب نمائندوں سے محروم رکھنا جمہوری و آئینی حقوق کی خلاف ورزی ہے، امیر جماعت اسلامی اسلام آباد

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) امیر جماعت اسلامی اسلام آباد انجینئر نصر اللہ رندھاوا نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے اسلام آباد اور اس کے عوام کو اپنی جاگیر سمجھ رکھا ہے، حکمران چاہتے ہیں کہ شہری صرف وہی کریں جو حکومت کہے۔ اسلام آباد ہم سب کا شہر ہے اور یہاں کے شہریوں کو اپنے نمائندے منتخب کرنے کا آئینی و جمہوری حق حاصل ہے۔ اسلام آباد میں آخری بلدیاتی انتخابات 2015ء میں ہوئے تھے، آئین اور جمہوری روایات کے مطابق 2021ء میں نئے انتخابات ہو جانے چاہیے تھے، لیکن اعلان کے بعد اب تک پانچ مرتبہ انتخابات (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3)

تعلیمی اسناد پر قانونی تنازع

انڈونیشیا کے نائب صدر نے عہدے سے استعفیٰ دیدیا

جکارتہ (نیوز ایجنسیاں) انڈونیشیا کے نائب صدر اور سابق صدر جوکو ویدودو کے 39 سالہ صاحبزادے جبران راکابومنگ راکا نے تعلیمی اسناد پر قانونی تنازع اور بڑھتے ہوئے سیاسی دباؤ کے بعد عہدے سے استعفیٰ دے دیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق گزشتہ ماہ انڈونیشیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2)

لیڈی ہیلتھ ورکرز کی نگرانی اور کارکردگی بہتر بنانے کیلئے قومی مشاورتی اجلاس

شفافیت، جوابدہی اور مؤثر نگرانی کیلئے مجوزہ فریم ورک کا جائزہ، معیار بہتر بنانے پر غور


اسلام آباد (خصوصی رپورٹ) ہیلتھ سروسز اکیڈمی (HSA) نے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے بہبودِ آبادی (UNFPA) پاکستان کے اشتراک سے لیڈی ہیلتھ ورکرز (LHWs) کے لیے نگرانی اور معاونت کے نظام کو مؤثر بنانے کے حوالے سے ایک قومی مشاورتی اجلاس منعقد کیا، جس میں ملک بھر میں لیڈی ہیلتھ ورکرز پروگرام کی کارکردگی بہتر بنانے، نگرانی کے موجودہ طریقہ کار کو مضبوط بنانے اور بنیادی صحت کی سہولیات کی فراہمی کو مزید مؤثر بنانے کے لیے مختلف تجاویز پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں قومی سطح کے اہم اسٹیک ہولڈرز، شعبہ صحت سے وابستہ ماہرین، پالیسی سازوں اور تکنیکی ماہرین نے شرکت کی۔ اس مشاورتی اجلاس کا بنیادی مقصد پاکستان (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1)



اسلام آباد: ہیلتھ سروسز اکیڈمی اور اقوام متحدہ کے ادارہ برائے بہبود آبادی پاکستان کے اشتراک سے لیڈی ہیلتھ ورکرز کے لیے نگرانی اور معاونت کے نظام کو موثر بنانے کے حوالے سے ایک قومی مشاورتی اجلاس کے شرکا کا گروپ فوٹو

تحفظ حرمین کانفرنس 15 نومبر کو قافلہ جہلم سے لاہور روانہ ہوگا، حافظ عبدالحمید عامر


جمعیت اہلحدیث، یوتھ فورس سمیت کارکنان شریک ہوکر بھرپور قوت کا مظاہرہ کرینگے



جہلم (نامہ نگار) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے زیر اہتمام 15 نومبر کو تاریخی مقام مینار پاکستان لاہور میں منعقد ہونے والی عظیم الشان آل پاکستان کانفرنس بسلسلہ ''تحفظ حرمین شریفین و استحکام پاکستان'' کی تیاریاں ضلع جہلم میں اپنے عروج پر پہنچ چکی ہیں۔ اس تاریخ ساز اجتماع میں شرکت کے لیے ضلع جہلم سے گاڑیوں کا ایک بہت بڑا قافلہ روانہ ہوگا، جس کی قیادت مرکزی جمعیت اہلحدیث (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16)

چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کا ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ

جاری تعمیر و مرمت، تزئین و آرائش اور اپ لفٹنگ کاموں سے متعلق بریفنگ دی گئی



اسلام آباد: (پ ر): چیئرمین سینٹرل ڈویلپمنٹ اتھارٹی (سی ڈی اے) و چیف کمشنر اسلام آباد سہیل اشرف نے ڈپلومیٹک انکلیو کا دورہ کیا اور اگر پیڈیشن کے کاموں کا جائزہ لیا۔ متعلقہ افسران نے چیئرمین سی ڈی اے سہیل اشرف کو ڈپلومیٹک انکلیو میں (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 17)

مانسہرہ شہر و میدانی علاقوں میں بارش، پہاڑوں پر برف باری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ شہر و میدانی علاقوں میں بارش، پہاڑوں پر برف باری، موسم سرد ہو گیا، لوگوں نے بجلی گیس کے ہیٹر نکال لیے، سوختی لکڑی و کوئلے کی مانگ بڑھ گئی، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ شہر سمیت تمام ملحقہ و (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4)

پنجاب ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ

راولپنڈی ڈویژن گرلز، بوائز ٹیمیں فائنل میں پہنچ گئیں

راولپنڈی (خصوصی رپورٹ) پنجاب ٹیبل ٹینس چیمپئن شپ اوپنٹ میں راولپنڈی ڈویژن کی گرلز اور بوائز ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا، بوائز نے سیمی فائنل (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5)

ڈپٹی کمشنر کا پیرودھائی جنرل بس سٹینڈ اپ گریڈ کرنیکا حکم

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی زیر صدارت ریجنل ٹرانسپورٹ اتھارٹی کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سیکرٹری آر ٹی اے، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سوشل سروسز اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8)



ذیابیطس پر قابو پانے کیلئے مؤثر پالیسی اقدامات ناگزیر ہیں، مختار بھرتھ

وزارتِ صحت اور پناہ کے زیر اہتمام عالمی یوم ذیابیطس پر اعلیٰ سطحی اجلاس سے خطاب



اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وزیر مملکت برائے قومی صحت ملک مختار احمد بھرتھ نے کہا ہے کہ پاکستان میں ذیابیطس کے بڑھتے ہوئے بحران پر قابو پانے کے لیے بیماری کے علاج کے ساتھ ساتھ اس کی روک تھام پر خصوصی توجہ دینا ہوگی، جبکہ فرنٹ آف پیک وارننگ لیبلز (FOPWL) سمیت شواہد پر مبنی مؤثر پالیسی اقدامات کا نفاذ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عوامی صحت کے تحفظ کے لیے غیر صحت بخش غذائی مصنوعات میں شامل چینی، نمک اور مضر چکنائی کی مقدار سے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6)

اسلام آباد پولیس لائنز میں نجی سکول کے بچوں کیلئے آگاہی سیشن

ابتدائی طبی امداد، زندگی بچانے کی بنیادی مہارتوں اور سیلف ڈیفنس سے متعلق آگاہ کیا گیا

اسلام آباد (نمائندہ شہرنامہ) پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں نجی سکول کے بچوں کے لیے ابتدائی طبی امداد اور ذاتی حفاظت سے متعلق آگاہی سیشن۔ بچوں کو ہنگامی صورتحال میں ابتدائی طبی امداد، زندگی بچانے کی بنیادی مہارتوں اور اپنی حفاظت کے مؤثر طریقوں سے آگاہ کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں نجی سکول کے بچوں کے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7)



اسلام آباد، پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں نجی سکول کے بچوں کو ابتدائی طبی امداد اور سیلف ڈیفنس بارے تربیت دی جارہی ہے

پاکستان انٹرنیشنل پراپرٹی ایکسپو دبئی کا 14 واں ایڈیشن، اہم شخصیات کی شرکت

تقریب میں سابق انٹرنیشنل کرکٹر اور معروف شخصیت شاہد آفریدی اور برانڈ ایمبیسڈر انوپ سٹوقصر علی زیب نے بطور مہمان خصوصی شرکت

دبئی (نمائندہ خصوصی) دبئی میں پاکستان انٹرنیشنل پراپرٹی ایکسپو کا 14 واں ایڈیشن 7 اور 8 نومبر 2026 کو Crowne Plaza Deira Dubai میں منعقد ہوا۔ اس ایونٹ میں پاکستان سے بڑی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ پاکستان کی معروف رئیل اسٹیٹ کمپنیوں نے اپنے منصوبے پیش کیے اور اوورسیز پاکستانیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کے مواقع کے بارے میں معلومات دی گئیں۔ پاکستان انٹرنیشنل پراپرٹی ایکسپو گزشتہ کئی سالوں سے جاری ہے اور اس کا مقصد اوورسیز پاکستانیوں کو پاکستان میں محفوظ اور منافع بخش سرمایہ کاری کے مواقع فراہم کرنا ہے۔ اس پلیٹ فارم کا اگلا ایڈیشن منعقد کیا جائے گا، اور 15 واں ایڈیشن 29 اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9)



حاجی محمد یوسف میو، سردار امجد طفیل میو، انجینئر محمد آمین میو، کرنل ریٹائرڈ محمد علی میو، اقبال سحر میو، احسن امجد طفیل میو، عدنان رحیم میو، حاجی شہاب الدین میو، عمر فاروق میو، رفاقت علی میو، چوہدری اظہر میو، آس محمد میو، افضال عظیم پاھٹ میو، چوہدری محمد انور میو، سابق یوسی چیئرمین چوہدری انیس احمد نتھی میو، محمد رفیق گگڑ، امجد شیر، اقبال نمبردار و دیگر معززین نے شرکت کی

اسرائیلی حملوں سے لبنان کا زرعی نظام تباہی سے دوچار، گندم کی فصل بھی متاثر

بیروت (نیوز ایجنسیاں) اسرائیلی حملوں کے باعث لبنان میں گندم کی پیداوار شدید متاثر ہوئی ہے، خصوصاً جنوبی لبنان اور وادی بقاع میں زرعی زمینوں کو بڑے پیمانے پر نقصان پہنچا ہے۔ عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق جنگ کے باعث گندم کی کاشت کے لیے استعمال (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10)

ڈپٹی کمشنر مری کا مال روڈ اور لوئر مال کا دورہ

مری (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس شیرازی نے بروز جمعرات مال روڈ کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دورے کے دوران ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، سوشل سروسز اور اسسٹنٹ کمشنر مری، میونسپل کارپوریشن آفیسر (CO) (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 12)

سالانہ 75 ہزار سے زائد بچوں کی دل کی بیماریوں کے ساتھ پیدائش

فیصل آباد (صباح نیوز) پاکستان میں سالانہ 75 ہزار سے زائد بچے دل کی بیماریوں کے ساتھ پیدا ہوتے ہیں۔ طبی ماہرین کے مطابق پاکستان میں پیڈیاٹرک کارڈک (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13)

ویزا سہولتوں میں نرمی کیلئے تاریخ نہیں،، روسی وزارتِ خارجہ

ماسکو (نمائندہ خصوصی) روس نے پاکستانی شہریوں کے لیے ویزا کے طریقۂ کار میں آسانی اور ماسکو اسلام آباد براہِ راست (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14)

پاکستان کو اپنی سفارتی کامیابیوں کو مستحکم کرنے کی ضرورت ہے، سردار مسعود

اسلام آباد (خبر نگار) امریکہ، چین و اقوام متحدہ میں پاکستان کے سابق سفیر اور آزاد جموں و کشمیر کے سابق صدر سردار مسعود خان نے کہا ہے کہ پاکستان کو اپنی سفارتی کامیابیوں کو مستحکم کرنے، متوازن اور کثیر الجہتی خارجہ پالیسی اپنانے، قومی سلامتی کے مفادات کا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15)

آئرلینڈ فوج کی نصر ہسپتال پر بمباری، 6 فلسطینی شہید 20 زخمی

بمباری میں ہسپتال کی دوسری منزل پر انتہائی نگہداشت اور سرجری کے وارڈز کو نشانہ بنایا گیا، ٹارگٹ کلنگ کا اعتراف

3 برس سے جاری نسل کشی کے مناظر انتہائی افسوسناک، غزہ میں امدادی ٹرکوں کو داخلے کی اجازت دی جائے، لوئس بیملٹن

غزہ (نیوز ایجنسیاں) غزہ پر اسرائیلی فضائی حملوں میں 6 فلسطینی شہید، 20 سے زائد زخمی ہوگئے۔ عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق غزہ میں اسرائیلی فوج کی کارروائیاں جاری ہیں۔ ہ کی شہری دفاعی سروس کے ترجمان نے کو بتایا کہ جنوبی غزہ کے شہر خان یونس میں نصیر ہسپتال کی عمارت پر اسرائیلی فضائی حملے میں 6 افراد شہید اور 20 زخمی ہوگئے۔ ترجمان کے مطابق حملہ جمعرات کی صبح سویرے کیا گیا۔ غزہ کی شہری دفاعی سروس کے ترجمان محمود باسل نے بتایا کہ اسرائیلی فضائی حملے میں ہسپتال کے سرجری ڈیپارٹمنٹ کو نشانہ بنایا گیا جس کے نتیجے میں بڑے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25)

حاجی نور میو کا میو اتحاد کے رہنماؤں کے اعزاز میں ظہرانہ

لاہور (پ ر) میو اتحاد ویلفیئر کمیٹی پنجاب کے سرپرست اعلیٰ حاجی نور محمد میو، نے اپنی رہائش گاہ رائیونڈ میں کراچی سے آئے پاکستان میو اتحاد کے مرکزی چیئرمین حاجی چوہدری محمد افضل خاں میو، مرکزی وائس چیئرمین (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24)

مری، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو کی کھلی کچہری

مری (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق عوام کو فوری اور بروقت ریلیف فراہم کرنے کے سلسلے میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو مری (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27)

سردیاں آگئیں، موسم کا پھل ''کینو'' مارکیٹ سے غائب

فیصل آباد (صباح نیوز) سردیاں آگئی ہیں اور ملک کے طول و عرض میں ٹھنڈے ہوائیں چل رہی ہیں لیکن اس موسم کا معروف پھل کینو اب تک مارکیٹ میں نظر نہیں آیا ہے۔ ہر سال سردی کی آمد کے ساتھ ہی اور نج رنگ کی بہار دکھاتا اس موسم کا دلفریب کھٹا میٹھا پھل کینو مارکیٹ میں آجاتا اور ہر پھل فروش کے ٹھیلے اور (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28)

اقبالؒ کے افکار اور فلسفۂ خودی کو سمجھنا ہوگا، ڈاکٹر ارشد ناشاد

پاکستان کا مستقبل نئی نسل کی تعلیم و تربیت اور کردار سازی میں پوشیدہ ہے

راولپنڈی (نمائندہ شہرنامہ) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبۂ اردو کے صدر پروفیسر ڈاکٹر ارشد محمود ناشاد نے کہا ہے کہ ہم نے علامہ محمد اقبالؒ کے افکار کو اپنی عملی زندگی میں اپنانا ہے اور ان کے فلسفۂ خودی کو سمجھنا ہے انہوں نے مسلمان قوم کو اپنی شاعری سے بیدار کیا (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 26)



راولپنڈی، پروفیسر ڈاکٹر ارشد ناشاد کے ہمراہ امان اللہ نیازی نعیم اکرم قریشی اور دیگر شیلڈ پیش کررہے ہیں

گوجر خان: بڑ کی روڈ پر تجاوزات کے خلاف آپریشن

جرمانے عائد، متعدد دکانداروں کو آئندہ خلاف ورزی سے باز رہنے کی وارننگ

گوجر خان (بیورو رپورٹ) اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان ڈاکٹر سیدہ زینب حسین کی ہدایات پر پیرا فورس اور میونسپل کمیٹی گوجر خان کے عملے نے بڑ کی روڈ پر تجاوزات کے خلاف مشترکہ آپریشن کرتے ہوئے متعدد دکانداروں کو جرمانے عائد کیے جبکہ دیگر کو تجاوزات فوری ختم کرنے اور آئندہ خلاف ورزی سے باز رہنے کی وارننگ جاری کر دی۔ آپریشن کی نگرانی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29)



اسلام آباد، سردی کی پہلی بارش کے بعد وفاقی دارالحکومت کا موسم خوشگوار ہوگیا ہے

کوہاٹ شہید پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ، دہشتگردی ختم کرکے دم لینگے، وزیر اعظم صدر

کوہاٹ میں 10 شہدا کی نماز جنازہ میں گورنر خیبر پختونخوا سمیت اعلیٰ حکام کی شرکت، خراج عقیدت پیش

دہشتگردی کے خاتمے کیلئے حکومت پرعزم، دہشتگردوں کو کامیاب نہیں ہونے دینگے، آصف زرداری، شہباز شریف

اسلام آباد، کوہاٹ (نیوز ایجنسیاں) شرپسندوں کے حملے میں شہید ہونے والے ڈی ایس پی سمیت 10 پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ایس ٹی سی گراؤنڈ میں ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ میں گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی، آئی جی پولیس اور سیکورٹی فورسز کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی، نماز جنازہ کی ادائیگی کے بعد شہدا کی میتیں تدفین کیلئے آبائی علاقوں کو روانہ کر دی گئیں۔ پولیس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30)

گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مری میں خصوصی انٹرایکٹو سیشن

مری (نمائندہ خصوصی) وزیر اعلیٰ پنجاب کے فلاحی اور تعلیمی اقدامات کے حوالے سے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول مری میں طالبات کے ساتھ ایک خصوصی انٹرایکٹو سیشن منعقد کیا گیا، جس میں ڈپٹی کمشنر مری آغا ظہیر عباس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31)

ایس ایچ او بھارہ کہو اور ٹیم کو تعریفی سرٹیفکیٹس و نقد انعامات سے نواز دیا گیا

ایس ایس پی کی کھلی کچہری، شہریوں کی شکایات پر فوری کارروائی کے احکامات جاری کئے



اسلام آباد (نمائندہ۔ شہرنامہ) اسلام آباد پولیس کی بہترین کارکردگی کی حوصلہ افزائی اور شہریوں کے مسائل کا فوری حل اولین ترجیح۔ ڈی آئی جی اسلام آباد علی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 32)

سستا پنجاب کالگژری دفتر لیاقت باغ منتقل کیا جائے: ظہیر اعوان

شہر میں صفائی کا نظام ناکام، افسران اور انتظامی اخراجات پر سوالات اٹھنے لگے



راولپنڈی (پ ر) شہر میں صفائی کا نظام ناکام، افسران اور انتظامی اخراجات پر سوالات اٹھنے لگے، سستا پنجاب کالگژری دفتر لیاقت باغ منتقل کیا جائے: ظہیر احمد اعوان چیئرمین پاکستان سٹیزن رائٹس موومنٹ ظہیر احمد اعوان نے شہر میں صفائی کی ابتر صورتحال اور سستا پنجاب اتھارٹی کے انتظامی اخراجات پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ پنجاب اور چیف سیکریٹری پنجاب سے فوری نوٹس (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18)

مانسہرہ انتظامیہ وٹی ایم اے کا تجاوزات کیخلاف گرینڈ آپریشن

پختہ تجاوزات گرانے کیلئے مختلف جگہوں پر نشانات لگا دیئے گئے، مالکان میں کھلبلی

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مانسہرہ انتظامیہ وٹی ایم اے کا تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن جاری، پختہ تجاوزات گرانے کیلئے مختلف جگہوں پر نشانات لگا دیئے گئے، مالکان میں کھلبلی مچ گئی، تجاوزات کی زد میں آنے والوں نے سر جوڑ لئے، بچ بچا کیلئے دوڑیں لگ گئیں، تفصیلات کے مطابق خیبر پختونخوا کی صوبائی حکومت کے احکامات پر صوبے دیگر شہروں کی طرح مانسہرہ شہر ایبٹ آباد روڈ، کشمیر روڈ، شاہراہ ریشم روڈ، ظفر روڈ و لاری اڈہ ٹھاکرہ کے مختلف روڈوں اور کالج دوراہا سمیت مختلف بازاروں میں بھی ناجائز تجاوزات کے خلاف مانسہرہ انتظامیہ اور ٹی ایم اے (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19)

آل پاکستان اردو، انگریزی مقابلے، محمد عبداللہ، محمد حاشر کی پوزیشنیں

ہم نصابی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا، کرنل محمد عرفان

اڈیالہ (نامہ نگار) آل پاکستان اردو، انگریزی مقابلوں میں محمد عبداللہ نے اردو میں پہلی اور محمد حاشر نے انگریزی میں پہلی پوزیشن حاصل کی۔ آل پاکستان مقابلوں کے اختتام پر سکول ہذا کے پرنسپل اور سپورٹس سیکرٹری محمد ندیم خان اور تمام ٹیم کو مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ ہم نصابی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ ان خیالات کا اظہار کرنل محمد عرفان جی ایس اوون ریجن آفس راولپنڈی نے ایف جی پبلک سکول بوائز پشاور روڈ راولپنڈی آل پاکستان اردو انگریزی تقریری مقابلہ ایف جی ای آئی کے تحت سکول ہذا میں آل پاکستان تقریری مقابلہ منعقد (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20)



اڈیالہ، کرنل محمد عرفان جی ایس اوون ریجن راولپنڈی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

محمد صہیب راولپنڈی کرکٹ کلب کیلئے اعزاز حاصل کرنے میں کامیاب

واپسی پر کلب انتظامیہ اور کلب کے کھلاڑیوں کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) آل پاکستان انڈر 19 ٹورنامنٹ میں دوسرے نمبر پر رنز بنانے والے محمد صہیب بیٹسمین راولپنڈی کرکٹ کلب اینڈ اکیڈمی کے لیے اعزاز حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئے۔ ان کی واپسی پر کلب انتظامیہ اور کلب کے کھلاڑیوں کی جانب سے پرتپاک استقبال کیا گیا کوچ ملک حسناد کی محنت رنگ لے آئی۔ راولپنڈی کرکٹ کلب اینڈ اکیڈمی کے صدر جناب بشارت بھٹی نے ان کا خیر مقدم کرتے ہوئے اپنی جانب سے کوچ کو مبارکباد دی اور محمد صہیب کو کیش پرائز اور ہار پہنا کر انھیں خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر ان کے ہمراہ سٹی کرکٹ (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21)



محمد صہیب کو راولپنڈی کرکٹ کلب کے صدر بشارت بھٹی کیش پرائز اور ہار پہنا رہے ہیں

CHI پروگرام کلینکل سروسز فراہمی میں گوجر خان کی پہلی پوزیشن

مجموعی طور پر 6 ہزار 362 صحت کی سہولیات فراہم کرکے نمایاں کامیابی حاصل کی

گوجر خان (بیورو رپورٹ) کمیونٹی ہیلتھ انسپکٹرز (CHI) پروگرام کے تحت 11 نومبر 2026 کو کلینیکل سروسز کی فراہمی میں تحصیل گوجر خان نے ضلع راولپنڈی بھر میں پہلی پوزیشن حاصل کرلی، تحصیل گوجر خان کی فیلڈ ٹیموں نے ایک ہی روز میں مجموعی طور پر 6 ہزار 362 صحت کی سہولیات فراہم کرکے نمایاں کامیابی حاصل کی۔ تفصیلات کے مطابق فراہم کردہ خدمات میں حاملہ خواتین کی دیکھ بھال (ANC) کی 141، زچگی کے بعد طبی سہولیات (PNC) کی 14، نوجوانوں کی صحت سے متعلق 1 ہزار 276، خاندانی منصوبہ بندی کی 735، بچوں کی (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22)

گوجر خان میں پوٹھوہار ہوٹل کے خلاف مبینہ کارروائی

متاثرہ تاجر اصغر قریشی کا وزیر اعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجر خان (بیورو رپورٹ) پوٹھوہار ہوٹل کے مالک اور مرکزی انجمن تاجران اتحاد گروپ کے رہنما حاجی محمد اصغر قریشی نے کہا ہے کہ ہوٹل پر انتظامیہ کی جانب سے کی جانے والی کارروائی غیر قانونی اور سراسر زیادتی پر مبنی تھی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ متعلقہ افسر (باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23)

شہرنامہ SHEHAR NAMA اسلام آباد

شکایات سیل

★ آپ کہیں کرپشن دیکھتے ہیں اسے ختم کرنا چاہتے ہیں
★ آپ بے گناہ ہیں اور آپ کو کسی جھوٹے مقدمے میں ملوث کیا جارہا ہے۔
★ آپ کا کوئی جائز مسئلہ ہے لیکن اس کے لیے کوئی رشوت مانگتا ہے
★ آپ کا حق تلف کیا گیا
★ آپ کو کہیں خواہ مخواہ بلیک میل کیا جارہا ہے
★ آپ کیساتھ کسی قسم کی زیادتی کی گئی ہے اور اسکا ازالہ چاہتے ہیں
★ آپ آگرقبیحہ گروپ کی چیرہ دستی کا شکار ہیں
★ آپ کی رقم دھوکہ دہی سے لوٹ لی گئی ہے
★ آپ کسی سرکاری ادارے یا اہلکار کے ناجائز دباؤ کا شکار ہیں
★ یا آپ کے ساتھ آپ کی نظر میں کوئی پریشان کن یا نقصان دہ مسئلہ موجود ہے۔

تو ہم سے رابطہ کریں۔

سکندر اعظم
انچارج انویسٹی گیشن اینڈ شکایات
روزنامہ شہرنامہ اسلام آباد
Email:sheharnama@gmail.com
0333-5196088 051-2240356

ایک مکمل ادارہ جو دوسری نسل سے خدمات دے رہا ہے
شکی پرنٹرز
SPS
جنرل آرڈر سپلائر
شادی کارڈ
ارجنٹ اینڈ ہول سیل
پینا فلیکس ڈیجیٹل
اور جنرل آئٹم ڈیمانڈ
ایوارڈ، شیلڈز، کی چین، پن پرنٹنگ، شرٹس پرنٹنگ، بیج اینڈ لوگو میکر، گرافکس ڈیزائننگ
وزیٹنگ کارڈ | لیٹر پیڈ | سائن بورڈ | ٹائی | فائل | بل بکس | سکول کاپی | پارٹی پرچم | اشتہارات | بروشرز | سکول ڈائری | سٹیکر
ہیڈ آفس عبداللہ مارکیٹ سرکلر روڈ راولپنڈی سب آفس ترامڑی چوک اسلام آباد
0333-5108083
0315-5108083